**2025-08-04**

**Hrs 08.30**

**HL-Opening**

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں اسلم بیگ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- وزیر اعظم نریندر مودی نے، کاندلہ کے پورٹ سیکٹر میں، ماحول کے لیے سازگار ہائیڈروجن کے بھارت کے پہلے پلانٹ کی ستائش کی ہے۔

2- فلپنز کے صدر Ferdinand R. Marcos Jr. بھارت کے 5 روزہ سرکاری دورے پر آج نئی دلّی پہنچیں گے۔

3- BIMSTEC ملکوں کی روایتی موسیقی کا، پہلا فیسٹیول آج شام نئی دلّی میں بھارت منڈپم میں منعقد ہوگا۔

4- شری امرناتھ جی یاترا، جموں و کشمیر میں، بالتل اور پہلگام دونوں راستوں سے معطل کر دی گئی ہے۔

5- بھارتیہ ریزرو بینک کی مالیاتی پالیسی کی کمیٹی، ریپو ریٹ میں کٹوتی کرنے کے بارے میں آج اپنی تین روزہ میٹنگ شروع کرے گی۔

6- اور کرکٹ میں، لندن میں اوول کے مقام پر، بھارت اور انگلینڈ کے درمیان، اینڈرسن۔تیندولکر ٹرافی کا پانچواں ٹیسٹ، سنسنی خیز مرحلے میں پہنچ گیا ہے۔

اب خبریں تفصیل سے۔

**Rev. PM Green Hydrogen Plant**

وزیر اعظم نریندر مودی نے گجرات میں کاندلہ قصبے کے پورٹ سیکٹر میں، ماحول کے لیے سازگار ہائیڈروجن پلانٹ کا آغاز کیے جانے پر، اِس کی پائیداری کی جانب ایک اہم قدم کے طور پر ستائش کی ہے۔ یہ پلانٹ، پہلا میک اِن انڈیا پلانٹ ہے۔

جناب مودی نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا کہ یہ ایک قابلِ تعریف کوشش ہے، جس سے پائیداری کو تقویت ملتی ہے اور مضرِ صحت گیسوں کے اخراج کو مکمل طور پر ختم کرنے کے ہمارے ویژن کو استحکام حاصل ہوتا ہے۔ اب کاندلہ ایسی پہلی بھارتی بندرگاہ بن گئی ہے، جس میں میگاواٹ سطح کا، ملک میں ہی تیار کیا گیا، ماحول کے لیے سازگار ہائیڈروجن پلانٹ موجود ہے، جس سے قابلِ تجدید توانائی اور پائیدار بنیادی ڈھانچے میں، گجرات کے بڑھتے ہوئے رول کی اہمیت کا اظہار ہوتا ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ

**V/C - Aparna**

مرکزی وزیر سربانند سونووال نے اِس پروجیکٹ کا افتتاح کیا۔ اِس پروجیکٹ سے بندرگاہ کے، ماحول کے لیے سازگار بنیادی ڈھانچے کے شعبے میں بھارت کی ترقی اُجاگر ہوتی ہے۔ اِس پلانٹ کو محض 4 مہینے میں تعمیر کیا گیا ہے اور یہ 10 میگاواٹ کے، ماحول کے لیے سازگار ہائیڈروجن پروجیکٹ کا پہلا حصہ ہے۔ اِس پروجیکٹ کا اعلان وزیر اعظم نے مئی 2025 میں کیا تھا۔ اِس پلانٹ میں سالانہ 140 میٹرک ٹن ہائیڈروجن تیار کرنے کی صلاحیت ہے، جو مضرِ صحت گیسوں کے اخراج کو مکمل طور پر ختم کرنے کے بھارت کے سفر میں ایک اہم قدم ہے۔ دین دیال پورٹ بھارت کی ایسی پہلی بندرگاہ بن گئی ہے، جہاں میگاواٹ سطح کے گرین ہائیڈروجن پلانٹ میں کام کاج شروع کر دیا گیا ہے۔

اِس پلانٹ کو پوری طرح بھارتی انجینئروں نے تیار کیا ہے اور اِس سے ماحول کے لیے سازگار توانائی کے شعبے میں آتم نربھر بھارت کا ایک معیار قائم ہوتا ہے۔

احمد آباد سے اَپرنا کھُنٹ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ..................

**Philippines President Visit**

فلیپینز کے صدر **Ferdinand R.Marcos Jr** آج سہ پہر بھارت کے پانچ روزہ سرکاری دورے پر نئی دلی پہنچ رہے ہیں۔ اُن کے ہمراہ خاتون اول

**Louise Araneta Marcos** اور کابینہ کے وزراء اہم شخصیتوں اور سینئر اہلکاروں کے علاوہ کاروباری نمائندوں سمیت ایک اعلیٰ سطح کا وفد بھی بھارت آ رہا ہے۔ فلیپینز کے صدر کا عہدہ سنبھالنے کے بعد صدر **Marcos** کا بھارت کا یہ پہلا دورہ ہوگا۔ اپنے دورے میں وزیراعظم نریندر مودی اور صدر **Marcos** کَل باہمی سطح پر مذاکرات کریں گے۔

صدر **Marcos**، صدر جمہوریہ دروپدی مرمو سے ملاقات کریں گے۔ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر بھی اِس دورے کے دوران صدر**Marcos** سے ملیں گے۔ صدر **Marcos** اپنے بینک لوٹنے سے پہلے بینگولورو بھی جائیں گے۔

ایک رپورٹ **V/C Akshit**

بھارت اور فلیپینز کے درمیان سفارتی تعلقات نومبر1949 میں قائم ہوئے تھے۔ تب سے ہی دونوں ملکوں کے درمیان تجارت، سرمایہ کاری، دفاع، سیکیورٹی، زراعت، حفظانِ صحت، دواسازی اور ڈجیٹل ٹیکنالوجی سمیت اسپیکٹرم کے شعبوں میں مضبوط شراکت داری ہوئی ہے۔

دونوں ملک آسیان کے ساتھ بھارت کی جامع کلیدی ساجھیداری کے ذریعے علاقائی سطح پر مل کر کام کر رہے ہیں۔فلیپینز کے ساتھ بھارت کے تعلقات بھارت کے مشرق نواز پالیسی، ویژن مہاساگر اور بھارت بحرالکاہل ویژن کی ایک اٹوٹ پالیسی حصہ ہے۔

صدر **Marcos** دونوں ملکوں کے درمیان سفارتی تعلقات قائم ہونے کے 75 سال پورا ہونے کے موقع پر بھارت کا دورہ کر رہے ہیں۔

یہ دورہ مستقبل کے باہمی تعاون کی راہ ہموار کرنے کے لیے دونوں رہنماؤں کو ایک موقع فراہم کرے گا اور دونوں رہنما آپسی مفاد کے علاقائی اور بین االقوامی امور پر بات چیت کریں گے۔x

اکشت کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں حسین اختر

## Bimstec Music Festival

BIMSTEC کی روایتی موسیقی کا اب تک کا پہلا، فیسٹیول آج شام نئی دلّی میں بھارت منڈپم میں منعقد ہوگا۔ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر، اِس میوزِک فیسٹیول کا افتتاح کریں گے۔

موسیقی کی اِس تقریب میں، بھارت، بنگلہ دیش، بھوٹان، میانما، نیپال، سری لنکا اور تھائی لینڈ، اپنی-اپنی موسیقی سے، لوگوں کو محظوظ کریں گے۔ اِس فیسٹیول کا اہتمام انڈین کونسل فور کلچرل رِلیشنز ICCR نے کیا ہے اور اِسے ”SaptaSur: Seven Nations, One Melody یعنی سات سُر: سات ملک ایک آہنگ کا عنوان دیا گیا ہے۔ فیسٹیول میں BIMSTEC سے تعلق رکھنے سات ملکوں کی الگ الگ روایتی موسیقی پیش کی جائے گی۔

یہ ثقافتی پہل اِس سال اپریل میں، تھائی لینڈ میں BIMSTEC سربراہ کانفرنس میں وزیر اعظم نریندر مودی کے اِصرار پر کی گئی ہے، جس میں BIMSTEC ملکوں کا روایتی موسیقی کا سب سے پہلا فیسٹیول، بھارت میں منعقد کر کے، علاقائی ثقافتی رشتوں کو مضبوط بنانے کے، بھارت کے عزم کا اظہار کیا گیا تھا۔ یہ فیسٹیول سبھی کے لیے مُفت ہے۔ فیسٹیول میں بیٹھنے کی سہولت، پہلے آؤ پہلے پاؤ کی بنیاد پر فراہم ہوگی۔ لوگوں سے گزارش ہے کہ وہ شام 6 بجے تک اپنی نشست اختیار کر لیں۔×

## EC Bihar Tejaswi

بھارت کے انتخابی کمیشن نے، راشٹریہ جنتا دل RJD کے رہنما اور بہار کے سابق وزیر اعلیٰ تیجسوی پرساد یادو سے کہا ہے کہ وہ اپنے، اُس ووٹر شناختی کارڈ کی تفصیلات پیش کریں، جو انہوں نے ایک پریس کانفرنس میں دکھایا تھا۔ اُن پر الزام ہے کہ اُن کے پاس، دو ووٹر فوٹو شناختی کارڈز EPICs موجود ہیں۔

بہار میں دیگھا اسمبلی حلقے کے چناؤ رجسٹریشن افسر نے کہا ہے کہ جناب یادو نے، ہفتے کے روز ایک پریس کانفرنس میں جو ووٹر شناختی کارڈ دکھایا تھا، وہ انتخابی کمیشن کی طرف سے جاری نہیں کیا گیا ہے۔ ×

## BJP Tejaswi

بی جے پی نے الزام لگایا ہے کہ RJD رہنما تیجسوی یادو نے دو ووٹر شناختی کارڈس رکھ کر ایک جرم کا ارتکاب کیا ہے۔ اُس نے کہا ہے کہ اُن کا ووٹر شناختی کارڈ نمبر، جس کا ذکر اُنھوں نے پریس کانفرنس میں کیا تھا، سرکاری طور پر جاری کئے گئے نمبر سے الگ ہے۔

نئی دلّی میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے BJP کے ترجمان سمبت پاترا نے پوچھا کہ کیا جناب یادو نے انتخابی کمیشن کو غلط معلومات فراہم کی تھیں۔

**S/B - Sambit Patra**

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**RBI MPC**

بھارتیہ ریزرو بینک کی مالیاتی پالیسی کی کمیٹی MPC آج ریپو ریٹ میں کٹوتی سے متعلق اپنی تین روزہ میٹنگ آج سے شروع کرے گی۔ RBI کے گورنر سنجے ملہوترا کی صدارت میں، کمیٹی کے فیصلے کا اعلان بدھ کو کیا جائے گا۔

بھارتیہ اسٹیٹ بینک کی ایک رپورٹ کے مطابق RBI اپنی مالی پالیسی کے تحت، ریپو ریٹ میں اعشاریہ دو پانچ پوائنٹس کی کٹوتی کر سکتا ہے، جس کا مقصد دیوالی سے پہلے قرضوں کو فروغ دینا ہے۔ SBI کی ایک رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ دیوالی سے پہلے بدھ کے روز کی جانے والی اِس کٹوتی کی وجہ سے، قرضوں کو فروغ حاصل ہونے کے سبب، دیوالی کی خوشیاں پہلے سے ہی شروع ہو سکتی ہیں۔

رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ پچھلے اعداد و شمار سے اِس واضح رجحان کا پتہ چلتا ہے کہ دیوالی سے پہلے ریپو ریٹ میں کی گئی کمی کی وجہ سے، تہواروں کے دنوں میں، قرضوں کی تعداد میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ رپورٹ میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ چونکہ دیوالی، بھارت کے سب سے بڑے تہواروں میں سے ایک ہے، لہٰذا اِس تہوار پر لوگ، سب سے زیادہ روپیہ پیسہ خرچ کرتے ہیں اور دیوالی سے پہلے، کم شرحِ سود کی وجہ سے قرضوں میں اضافہ ہوتا ہے۔ ×

**Smartphone Export**

بھارت کے اسمارٹ فون کی برآمدات، مالی سال 2025-26 کی پہلی سہ ماہی میں ریکارڈ اونچائی پر پہنچ گئیں، جو 7 ارب 72 کروڑ ڈالر رہیں۔ یہ برآمدات پچھلے سال کی اسی مدّت کے دوران 4 ارب 90 کروڑ ڈالر تھیں۔ اِس طرح اسمارٹ فون کی برآمدات میں 58 فیصد کا اضافہ ہوا۔

رپورٹس کے مطابق Apple Incroporation کی برآمدات، سب سے زیادہ 6 ارب ڈالر رہیں، جو پچھلے سال کے مقابلے 82 فیصد زیادہ ہیں۔ اس سہ ماہی کے دوران، جو سبھی اسمارٹ فون برآمد کیے گئے، اُن میں سے آئی فون کا حصہ تقریباً 78 فیصد رہا۔

بھارت نے، مالی سال 2021 میں تین ارب 10 کروڑ ڈالر مالیت کے اسمارٹ فون برآمد کیے تھے۔

2025 تک یہ رقم 24 ارب 10 کروڑ ڈالر تک پہنچ گئی، جس میں Apple فون کا حصہ، 17 ارب 50کروڑ ڈالر رہا ہے۔

دیگر اہم برآمدکار کمپنیوں میں Padget الیکٹرانکس بھی شامل ہے، جو Dixon ٹکنالوجیز کی ایک ذیلی کمپنی ہے۔ اِس کمپنی نے 17 کروڑ 50 لاکھ ڈالر مالیت کے اسمارٹ فون اور Samsung کمپنی نے، اسمارٹ فون کی کُل برآمدات کے 72 فیصد فون برآمد کیے۔

اِس تیزی سے اضافے کا سہرہ، پیداوار کے لیے دی جانے والی ترغیبات PLI اسکیم کے سر ہے، جس کا آغاز 2020 میں کیا گیا تھا۔ اِس اسکیم کی وجہ سے مقامی طور پر مینوفیکچرنگ کو کافی زیادہ فروغ حاصل ہوا۔x

## Delhi Monsoon Session

دلی اسمبلی کا مانسون اجلاس آج شروع ہوگا۔ پانچ دن تک چلنے والا یہ اجلاس اِس ماہ کی 8 تاریخ تک جاری رہے گا۔ مانسون اجلاس کے پہلے دن وزیراعلیٰ ریکھا گپتا دو اہم کمپٹرولر اور آڈیٹر جنرل(CAG) رپورٹیں پیش کریں گی۔ پہلی رپورٹ مالی سال 2023-24 کے لیے ریاستی مالیے پر ہوگی جبکہ دوسری رپورٹ سال 2023 کے لیے عمارت اور دیگر تعمیری کام کرنے والے مزدوروں کی بہبود سے متعلق ہے۔ ڈپٹی اسپیکر موہن سنگھ بشٹ اور چیف وِہپ ابھے ورما بزنس ایڈوائزری کی دوسری رپورٹ پیش کریں گے۔ دوسری جانب دلی کے تعلیم کے وزیر آشیش سود بھی آج دلی اسکول کے تعلیم سے متعلق بل 2025 پیش کریں گے۔x

## UP Flood

اترپردیش میں لگاتار بارش سے کئی ندیاں خطرے کے نشان سے اوپر بہہ رہی ہیں جس کی وجہ سے 17 ضلعوں میں سیلاب آ گیا ہے۔ حکام انتہائی چوکنا ہیں اور متاثرہ علاقوں میں بچاؤ اور راحت کا کام جاری ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے:

## V/C Awasthi

اترپردیش میں 37 تحصیلوں اور 402 گاؤوں میں سیلاب سے 84 ہزار سے زیادہ لوگ متاثر ہوئے ہیں۔ ریلیف کمشنر بھانو چندر گوسوامی نے بتایا کہ اس وقت 17 ضلعوں، کانپور نگر، لکھیم پور کھیری، آگرہ اوریہ، چترکوٹ، بلیا، باندہ، غازی پور، مرزا پور، پریاگ راج، وارانسی، چندولی، جالون، کانپور دیہات، ہمیر پور، اٹاوہ اور فتح پور کو سیلاب کا سامنا ہے۔ راحت اور بچاؤ کا کا بڑے پیمانے پر جاری ہے جبکہNDRF، SDRF اور PAC کے جوان مسلسل گشت کر رہے ہیں۔ سیلاب سے اب تک 343 گھروں کو نقصان پہنچا ہے اور 4 ہزار 15 ہیکٹیئر کی زمین بھی متاثر ہوئی ہے۔ وزیراعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ اترپردیش میں سیلاب کی صورتحال پر گہری نظر رکھ رہے ہیں۔ ان کی ہدایات پر ریاستی وزراء متاثرہ علاقوں کا معائنہ کر رہے ہیں۔x

لکھنؤ سے اوم اوستھی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں.......

## Uttarkhand Rains

اتراکھنڈ کے مختلف حصوں میں کَل شام سے بارش کی وجہ سے بڑے دریاؤں میں پانی کی سطح میں اضافہ ہوا ہے جبکہ پہاڑوں میں جھرنے طغیانی پر ہیں۔

محکمۂ موسمیات نے آج نینی تال، چمپاوَت اور باگیشور ضلعوں میں شدید سے بہت شدید بارش کے پیشِ نظر اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔

اسی دوران رودر پریاگ ضلعے میں لگاتار بارش کی وجہ سے کیدار ناتھ یاترا عارضی طور پر معطل کردی ہے۔x

## HP Rain

ہماچل پردیش کے بہت سے حصوں سمیت راجدھانی شملہ میں رک رک کر لگاتار بارش ہو رہی ہے۔ جس کی وجہ سے معمولاتِ زندگی متاثر ہوئی ہے۔ اب تک ریاست سے بادل پھٹنے کے 28، اچانک سیلاب آنے کے 53 اور مٹی کے تودے کھسکنے کے 47 واقعات کی اطلاعات موصول ہوچکی ہیں۔

محکمۂ موسمیات نے آج ریاست کے بہت سے حصوں میں شدید سے بہت شدید بارش کے پیشِ نظر اورینچ اور یَلو الرٹ جاری کیا ہے۔ محکمے نے 9 اگست تک ریاست میں خراب موسم کی پیشگوئی کی ہے۔

## V/C Ritesh

لگاتار بارش کی وجہ سے ہماچل پردیش میں عام زندگی متاثر ہوئی ہے۔ مٹی کے تودے کھسکنے کے واقعات کے پیشِ نظر لاہول اسپتی ضلعے اور Chhatru کے نزدیک

Gramphu-Batal قومی شاہراہ505 کو بند کردیا گیا ہے۔ 296 دیگر کنکٹوٹی سڑکوں تک رسائی ناممکن ہوگئی ہے۔ اِس کے علاوہ 134 بجلی کے ٹرانسفارمرس اور پینے کے پانی کی سپلائی کی 266 اسکیموں پر فی الحال کام کاج بند ہے۔ اِس دوران شملہ کے محکمہ موسمیات کے مرکز نے پونہ، بلاسپور اور حمیر پور ضلعوں میں شدید سے بہت شدید بارش کا الرٹ جاری کیاہے جبکہ کانگڑا، منڈی، سولن اور سِرمور ضلعوں میں آج شدید بارش کے لیے یَلوالرٹ جاری کیا ہے۔

شملہ سے رتیش کپور کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں...............

## IMD Weather

بھارت کے محکمۂ موسمیات IMD نے اروناچل پردیش، آسام، میگھالیہ، بہار، ہماچل پردیش، کیرالہ، ماہے، مغربی بنگال، تمل ناڈو، اترپردیش اور اتراکھنڈ میں آج شدید سے بہت شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔x

## Amarnath Yatra

جموں و کشمیر میں بالتل اور پہلگام کے راستوں سے شری امرناتھ جی یاترا معطل کردی گئی ہے۔ ایک بیان میں کشمیر کے ڈویژنل کمشنر وجے کمار بھدوری نے کہا ہے کہ حالیہ شدید بارش کی وجہ سے بالتل اور پہلگام کے راستوں پر مرمت اور رکھ رکھاؤ کام کاج بہت ضروری ہے۔

انھوں نے کہا کہ یہ دیکھا گیا ہے کہ ان راستوں پر مزدوروں اور مشینری کی مسلسل تعیناتی کی وجہ سے انتظامیہ پھر سے یاترا شروع نہیں کرا پائے گی۔

پچھلے ماہ کی تین تاریخ کو یاترا کے شروع ہونے کے بعد سے اِس سال 4 لاکھ 14 ہزار سے زیادہ یاتریوں نے شری امرناتھ جی کی مقدس گپھا کے درشن کیے۔

روایتی مقدس چھڑی مبارک سری نگر سے اننت ناگ لے جاتی جائیگی اور یہ 9 اگست کو مقدس گپھا پہنچے گی۔ اسی دن یہ یاترا رکشا بندھن کے موقع پر مذہبی روایات کے ساتھ اختتام پذیر ہوگی۔

چھڑی مبارک کے Custodian مہنت دیپیندرگری کی قیادت میں مقدس چھڑی آج سری نگر میں دَشنمی اکھاڑہ مندر سے دن میں تقریباً 11 بجے روانہ ہوگی جوکہ اننت ناگ کے Mattan میں واقع سوریہ مندر پہنچے گی جہاں بھجن اور کیرتن ہوگا۔ وہاں سے چھڑی مبارک سہ پہر تین بجے پہلگام کی طرف روانہ ہوگی۔x

## Jharkhand Shravan Mela

شراونی میلہ کے چوتھے اور آخری پیر کو آج صبح چار بجکر 10 منٹ پر جھارکھنڈ کے ضلع دیو گھر میں واقع بابا بیدیہ ناتھ مندر کے کپاٹ کھول دیئے گئے۔ کانوڑیے اور عقیدتمند مقدس شراون ماہ کے آخری پیر کو بابا بیدیہ ناتھ کو جَل چڑھانے کے لیے، اسی وقت سے قطار لگنی شروع ہوگئی۔ بابا بیدیہ ناتھ مندر میں سخت حفاظتی بندوبست کیا گیا ہے۔x

## Sports Roundup

کرکٹ میں، لندن کے اوول میدان میں اینڈرسن-تینڈولکر ٹرافی کا پانچواں ٹیسٹ کا آخری دن سنسنی خیز مرحلے میں داخل ہو گیا ہے۔ میزبان انگلینڈ، آج آخری دن چھ وکٹ کے نقصان پر 339 رن سے اپنی دوسری اننگز پھر سے شروع کرے گا۔ انگلینڈ کو جیتنے کے لیے مزید 35 رن کی ضرورت ہے جبکہ بھارت کو جیت کے لیے باقی چار وکٹ کی ضرورت ہے۔

بھارت نے اپنی دوسری اننگز میں 396 رن بنائے تھے جس میں یشسوی جیسوال کے شاندار 118 رن اور آکاش دیپ، رویندر جڈیجہ اور واشنگٹن سندر کی نصف سینچریاں شامل ہیں۔x

## Must Annoncement Public Speak

آکاشوانی کا خبروں کا شعبہ، ہندی اور انگریزی میں براہ راست نشر ہونے والے اپنے فون اِن پروگرام، پبلک اسپیک میں آج رات ساڑھے نو بجے ”سائبر گھوٹالوں سے محفوظ رہنے کے طریقوں“ کے موضوع پر ایک تفصیلی مذاکرہ نشر کرے گا۔ یہ مذاکرہ، سائبر کرائم گروگرام کے ACP پریانشو دیوان اور سائبر سکیورٹی کے ماہر پوَن دُگّل کے ساتھ کیا جائے گا۔

پروگرام کے دوران سامعین اِس موضوع پر اپنے سوالات اِن ٹیلی فون نمبرس پر پوچھ سکتے ہیں۔

صفر ایک ایک - دو تین، چار دو - ایک صفر، پانچ صفر

اور      صفر ایک ایک - دو تین، تین ایک، چار چار، چار چار،

اِس کے علاوہ آپ اپنے سوالات

نو دو آٹھ نو - صفر نو چار صفر - چار چار

پر بھی وہاٹس ایپ کرسکتے ہیں، یا ہیش ٹیگ Askair کے ساتھ X پر بھی بھیج سکتے ہیں۔ x

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......فہیم احمد

شکریہ - اسلم

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے اردو اخبارات کی شہ سرخیاں ایک دوسرے سے مختلف ہیں۔

اخبار پرتاپ نے وزیراعظم نریندر مودی کی ایک سوشل میڈیا پوسٹ کے حوالے سے سرخی لگائی ہے: گرین ہائڈروجن پلانٹ کو ملک اہمیت دیتا ہے۔ انھوں نے دین دیال پورٹ اتھارٹی، کانڈلا میں ملک کے پہلے مقامی گرین ہائیڈروجن پلانٹ کو قابل ستائش کوشش قرار دیا۔ روزنامہ راشٹریہ سہارا نے وزیراعظم مودی کی صدر جمہوریہ دروپدی مرمو سے ملاقات کی خبر کو صفحہ اول پر جگہ دی ہے۔ ہندوستان ایکسپریس سمیت دیگر اخباروں نے گونڈہ میں المناک سڑک حادثہ میں گیارہ مسافروں کی موت کی خبر کو نمایاں طور پر شائع کیا ہے۔ اخبارات کی ایک اور سرخی ہے اسرائیلی حملے میں 50 سے زائد فلسطینی ہلاک، سیکڑوں زخمی۔

راشٹریہ سہارا نے ایران کے اس موقف کو اپنی سرخی بنایاہے کہ ٹرمپ کے یورنیم افزدوگی روکنے کے مطالبے تک کوئی معاہدہ نہیں ہوگا۔ اخبار کی ایک اور سرخی ہے کہ ٹرمپ کے خلاف تحقیقات کرنے والے جیک اسمتھ خود تحقیقات کی زد میں۔ انقلاب کی ایک سرخی ہے حماس کا فلسطینی ریاست کے قیام تک ہتھیار ڈالنے سے انکار۔x

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1-      وزیر اعظم نریندر مودی نے، کاندلہ کے پورٹ سیکٹر میں، ماحول کے لیے سازگار ہائیڈروجن کے بھارت کے پہلے پلانٹ کی ستائش کی ہے۔

2-      فلپنز کے صدر Ferdinand R. Marcos Jr. بھارت کے 5 روزہ سرکاری دورے پر آج نئی دلّی پہنچیں گے۔

3-      BIMSTEC ملکوں کی روایتی موسیقی کا، پہلا فیسٹیول آج شام نئی دلّی میں بھارت منڈپم میں منعقد ہوگا۔

4-      شری امرناتھ جی یاترا، جموں و کشمیر میں، بالتل اور پہلگام دونوں راستوں سے معطل کر دی گئی ہے۔

5-	بھارتیہ ریزرو بینک کی مالیاتی پالیسی کی کمیٹی، ریپو ریٹ میں کٹوتی کرنے کے بارے میں آج اپنی تین روزہ میٹنگ شروع کرے گی۔

6-	اور کرکٹ میں، لندن میں اوول کے مقام پر، بھارت اور انگلینڈ کے درمیان، اینڈرسن۔ تیندولکر ٹرافی کا پانچواں ٹیسٹ، سنسنی خیز مرحلے میں پہنچ گیا ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

-----------------------------------